برائے فوری اجراء

برامپٹن کونسل نے ایکو پارک اسٹریٹجی کو منظور کر لیا ہے

برامپٹن، آن (29 جنوری 2020) – آج، برامپٹن سٹی کونسل نے شہر کو ماحول دوست بنانے اور برامپٹن کے لیے ماحول دوست فریم ورک کو نافذ کرنے کی جانب ایک بڑا قدم اٹھاتے ہوئے برامپٹن ایکو پارک اسٹریٹجی (پارکس کو سر سبز بنانے کی حکمت عملی) کو منظور کر لیا ہے۔

ایک ایکو پارک قابل استحکام شہری اور قدرتی/ سبز جگہوں کا ایک آپس میں جڑا ہوا نیٹ ورک ہوتا ہے۔ برامپٹن ایکو پارک اسٹریٹجی میں برامپٹن ایکو پارک کی تشکیل شامل ہے اور اس کے نفاذ کی رہنمائی کے لیے نظریہ، اہداف اور اقدامات وضع کرتی ہے۔ اس حکمت عملی کا مقصد منفرد سماجی مواقع فراہم کرنا اور برامپٹن کے ایکو پارک کے تحفظ، معاونت اور بڑھوتری کے لیے کمیونٹی کے ساتھ شراکت داریاں اور نگرانی کا احساس پیدا کرنا ہے۔ یہ برامپٹن کی قدرتی جگہوں کا تحفظ کرنے، انہیں دوبارہ سبزے سے آباد کرنے اور بہتر بنانے پر بھی مرکوز ہے۔

برامپٹن کا 2,500 ہیکٹرز پر مشتمل نیچرل ہیریٹیج سسٹم (NHS) برامپٹن ایکو پارک کی بنیاد بنے گا۔ اس بنیاد سے برامپٹن ایکو پارک کی توسیع اور ارتقاء، ابتدائی طور پر متعین کردہ مراکز پر مرکوز ہو گا، جہاں موزوں جگہوں، مثلًا پارکس، NHS، سڑکوں کے ارد گرد موجود قدرتی مناظر اور یوٹیلیٹی کوریڈورز کو ماحول دوست مقامات کے فروغ سے ایکو پارک کا حصہ بنایا جائے گا۔ وقت کے ساتھ، ان کوششوں کے نتیجے میں پورے شہر میں سر سبز پارکس کا ایک وسیع جال بچھا دیا جائے گا جو رفتہ رفتہ ایک قیمتی ذخیرے کی شکل اختیار کر لے گا۔

برامپٹن ایکو پارک اسٹریٹجی کے متعلق www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

فوری حقائق

- سٹی موجودہ طور پر 2,500 ہیکٹر پر مشتمل نیچرل ہیریٹیج سسٹم (NHS) کی دیکھ بھال کر رہا ہے، جس کا زیادہ تر حصہ برامپٹن ایکو پارک کی ابتدائی بنیاد بنے گا۔ سٹی کے موجودہ پارکس اضافی 1,100 ہیکٹر پر مبنی ہیں، جن میں سے کچھ کو برامپٹن ایکو پارک میں ضم کیا جا سکتا ہے۔
- برامپٹن ایکو پارک اسٹریٹجی عملے کو سٹی کے پارکس کے نظام کے مزید جائزے کی ہدایت دیتی ہے، تاکہ ماحول دوست مقامات کو موجودہ اور مستقبل کے برامپٹن پارکس میں حکمت عملی کے تحت توسیع دینے کے لیے ایک منصوبہ تیار کیا جا سکے۔
- برامپٹن ایکو پارک کمیونٹی کو بنیادی خدمات فراہم کرنے کا امکان رکھتے ہیں، مثلًا پانی صاف کرنا، درجہ حرارت میں کمی لانا اور بارش کے پانی کے سڑکوں پر بہاؤ کو کم کرنا۔ یہ نہ صرف معاشی طور پر بچت فراہم کرے گا، بلکہ بدلتے ہوئے موسم کے خلاف زیادہ شہری ثابت قدمی فراہم کرے گا۔
- برامپٹن ایکو پارک اسٹریٹجی سٹی کی پالیسیوں، حکمت عملیوں اور پروگراموں کے ایک موجودہ فریم ورک، بشمول برامپٹن 2040 پلان، برامپٹن گرو گرین انوائرنمنٹل ماسٹر پلان، پارکس اینڈ ریکریئیشن ماسٹر پلان، نیچرل ہیریٹیج انوائرنمنٹل منیجمنٹ اسٹریٹجی، اربن فارسٹ منیجمنٹ پلان اور برامپٹن ملین ٹریز پروگرام کو آگے بڑھاتی ہے۔

اقتباسات

"کونسل ایک ماحول دوست شہر بنانے کے عمل کو جاری رکھنے کے لیے پرعزم ہے اور برامپٹن ایکو پارک اسٹریٹجی استحکامیت کے ہمارے سفر کا ایک اور سنگ میل ہے۔ میں ان کئی سماجی اور ماحولیاتی فائدوں کے لیے پر امید ہوں، جو ایک توسیع شدہ اور آپس میں مربوط برامپٹن ایکو پارک ہمارے شہر کے لیے لائے گا۔"

- *میئر پیٹرک براؤن، سٹی آف برامپٹن*

media release

"پچھلے سال، برامپٹن نے 35 دیگر کمیونٹیوں کے ساتھ مل کر ایک موسمیاتی ہنگامی حالت کا اعلان کیا تھا۔ ہمارا مقصد 2050 تک برامپٹن میں گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو 80% تک کم کرنا ہے اور برامپٹن ایکو پارک اسٹریٹجی کی منظوری اس ہدف کی جانب ایک اور قدم ہے۔ یہ برامپٹن کی سبزہ زار جگہوں کی حفاظت، دیکھ بھال اور بڑھوتری کے لیے کمیونٹی کے ساتھ شراکت داریوں اور نگرانی کا احساس قائم کرنے کے لیے ایک زبردست قدم ہے۔"

- *پال ویسینٹے، ریجنل کونسلر اور چیئر، پبلک ورکس اینڈ انجنیئرنگ، سٹی آف برامپٹن*

"منظور شدہ ایکو پارک اسٹریٹجی، سٹی کے عملے کو ایک ماحول دوست شہر بنانے کی کونسل کی ترجیح پر مزید کام کرنے کے قابل بنائے گی، جو پارکس کا ایک آپس میں مربوط نیٹ ورک بنانے کے لیے برامپٹن کی شہری اور قدرتی جگہوں کو توسیع دے گی، جس سے ہمارے شہر کی قدرتی جگہوں کا تحفظ ہو گا، دوبارہ سبزے سے آباد ہوں گی اور مزید بہتر بنائی جائیں گی۔"

- *ڈیوڈ بیرک، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر*، سٹی آف برامپٹن

30--

کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 650,000 لوگوں اور 70,000 کاروباروں کا گھر ہے۔ ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم ایک صحت مند شہر کی تعمیر میں بڑھوتری کے لیے مل کر کام کرتے ہیں، جو محفوظ، قابل استحکام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

میڈیا کنٹیکٹ
مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 |Monika.Duggal@brampton.ca